شخص تھا۔ اس نے سوچا مسلمان قیدیوں کو چھڑانے کا یہ نادر موقع ہے؛ چنانچہ اس نے صلح کی پیشکش قبول کرلی۔ اس لڑائی کا بڑا مقصد نقفور کو بدعہدی کی سزا دینا تھا۔ وہ اب زخمی تھا اور اس نے اطاعت قبول کرلی تھی۔ صلح کی شرائط میں لکھا گیا کہ تمام مسلمان قیدیوں کو رہا کردیا جائے گا۔ رومیوں نے تین لاکھ دینار بطور جزیہ ادا کرنے کا بھی اقرار کیا۔ صلح نامہ پر دستخط ہونے کے بعد ہارون الرشید اس شان سے بغداد واپس آتا ہے کہ اس کے پاس بہت سا مال غنیمت تھا۔ مسلمان قیدیوں کو بھی رہا کردیا گیا۔ امام ابن کثیرؒ کے مطابق اس نے شاہی خاندان کی ایک دوشیزہ کو بھی اپنے لیے پسند کیا۔ مؤرخین کے مطابق عباسی زمانہ حکومت میں ہارون الرشید کا دور سب سے اہم اور سنہرا دور تھا۔ ہارون الرشید دیگر خلفاء کے مقابلہ میں قرآن وحدیث کا زیادہ علم رکھنے والا اور اللہ تعالیٰ کا زیادہ خوف رکھنے والا حکمران تھا۔ یہ ایک سال رومیوں کے خلاف جنگ کرتا اور اگلے سال حج کے لیے مکہ مکرمہ جاتا۔ جس سال اسے خلافت ملی اس سال اس نے رومیوں کے نواحی علاقے میں جنگ کی اور شعبان کے مہینہ میں واپس بغداد آگیا۔ حکومت سنبھالنے کے بعد ذوالقعدہ میں وہ حج کے لیے روانہ ہوتا ہے اور اسی سال حج بھی کرتا ہے۔ اس نے حرم کے فقراء اور حرم شریف پر بے دریغ خرچ کیا۔

ہارون الرشید کی حکومت اتنی وسیع وعریض تھی کہ وہ ایک دن باغ میں بیٹھا ہوا تھا۔ گرمی شدید تھی۔ اس کی خواہش تھی کہ اللہ کرے اور آج ان کے یہاں بارش ہوجائے۔ تھوڑی دیر گزری اس نے آسمانوں پر کالے رنگ کے بادل دیکھے۔ اس کی امید بر آئی۔ اس نے خوشی سے آسمانوں کی طرف دیکھا۔ بادلوں نے پورے علاقے پر سایہ کردیا تھا۔ لگتا تھا کہ ابھی تھوڑی دیر کے بعد ٹھیک ٹھاک بارش ہوگی۔ ہارون بڑی بے چینی سے بارش کا انتظار کرنے لگا' مگر یہ کیا؟ اس نے دیکھا کہ بادل ایک طرف چلنا شروع ہوگئے۔ اسے بڑی مایوسی ہوئی۔ تھوڑی دیر بعد مطلع صاف ہوگیا۔ اس نے بادلوں سے مخاطب ہوکر اپنا تاریخی جملہ ارشاد فرمایا:

اَمْطِرِی حَیْثُ شِئْتِ فَسَوْفَ یَاْتِینِی خَرَاجُكِ]

''جہاں چاہو جا برسو۔ تمہارے ذریعے پیدا ہونے والی فصلوں کا خراج تو میرے پاس ہی آئے گا۔''

ایک مرتبہ ہارون الرشید کو ایک بے دین' ملحد' زندیق شخص کی موجودگی کے متعلق معلوم ہوا۔ ایسے لوگ نہایت خطرناک ہوتے ہیں۔ یہ لوگوں کے دلوں میں اسلام کے بارے میں شکوک وشبہات پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ہارون اس قسم کے فتنہ پرور لوگوں سے خوب واقف تھا۔ اس نے حکم دیا کہ اس زندیق کا سر قلم کردیا جائے۔ زندیق ہارون سے کہنے لگا: جناب! آپ مجھے کیوں قتل کررہے ہیں؟ ہارون کہنے لگا: تاکہ لوگوں کو تم سے نجات دلائی جاسکے۔ زندیق نے کہا: چلیے میں تو قتل ہوجاؤں گا' مگر آپ ان ایک ہزار جھوٹی احادیث کا کیا کریں گے جو میں نے خود بنا کر احادیث نبویہ میں شامل کردی ہیں۔ ان میں ایک لفظ بھی اللہ کے رسول ﷺ کا بتایا ہوا نہیں ہے۔ ہارون نے برجستہ کہا: او اللہ کے دشمن! کوئی فکر کی بات نہیں! ہمارے پاس ابو اسحاق فزاری اور عبداللہ ابن المبارک جیسے لوگ موجود ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جو مکمل چھان پھٹک کر کے ایک ایک حدیث سے جعلی اور من گھڑت الفاظ نکال باہر کریں گے۔ اللہ تعالیٰ اس نیک دل خلیفہ ہارون الرشید کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ انہوں نے حدیث کی عزت اور عظمت کا بہت خیال رکھا اور علمائے حدیث کی بڑی قدر کی۔ اللہ تعالیٰ انہیں قیامت والے دن عزت ووقار نصیب فرمائے۔

بنوعباس سے پہلے بنوامیہ کی حکومت تھی۔ انہوں نے بھی اپنے عہد کی حکومت میں بڑے بڑے کارنامے سر انجام دیے۔ سیدنا عمر بن عبدالعزیزؒ کی خلافت کا دور اگرچہ بڑا مختصر تھا' مگر ان کے ڈھائی سال صدیوں پر بھاری تھے۔ جس خوبصورت طریقے سے انہوں نے حکومت کی' تاریخ آج بھی اس کی مثالیں دیتی ہے۔ بنو امیہ کی حکومت 41 ہجری سے 132 ہجری تک قائم رہی۔

[اَمْطِرِی حَیْثُ شِئْتِ فَسَوْفَ یَاْتِینِی خَرَاجُكِ]
''جہاں چاہو جا برسو۔ تمہارے ذریعے پیدا ہونے والی فصلوں کا خراج تو میرے پاس ہی آئے گا۔''

91 سالہ عہد حکومت میں بنوامیہ نے جو نمایاں کارنامے سرانجام دیے' ان میں دمشق میں تعمیر کی جانے والی اموی مسجد بھی شامل ہے جو اپنے زمانے میں دنیا کی سب سے بڑی مسجد تھی۔ آج بھی یہ مسجد نہایت خوبصورت ہے۔ بنو امیہ کے دور ہی میں مراکش فتح ہوتا ہے۔ اندلس میں مسلمانوں کی حکومت بنوامیہ کے ہاتھوں قائم ہوئی۔ یہ حکومت کم وبیش آٹھ سو سال تک اسپین میں کامیابی سے چلتی رہی۔ محمد بن قاسم ثقفی نے بنو امیہ ہی کے دور میں موجودہ پاکستان کے علاقے سندھ کو فتح کیا۔ ملتان پر اسلام کے جھنڈے محمد بن قاسم اور ان کے ساتھیوں ہی نے لہرائے۔ اس طرح برصغیر پاک وہند کے تمام علاقوں میں اسلام انہی مجاہدین اسلام کے ذریعے پہنچا۔ قتیبہ بن مسلم باہلی نے افغانستان اور بلاد ماوراء النہر کو فتح کیا۔ قتیبہ بن مسلم وہ مشہور زمانہ اسلامی جرنیل ہے جس نے چین کی مٹی کو روندنے کی قسم کھائی تھی۔ ہشام بن عبدالملک کے دور میں مسلمان جنوبی فرانس پر حملہ آور ہوئے تھے اور اس کے کچھ حصہ پر قابض بھی ہوگئے تھے۔ کہنے کا مقصد یہ ہے کہ محمد رسول اللہ کا قافلہ کبھی رکا نہیں' تھما نہیں' بلکہ مسلسل چلتا رہا۔ جہاں تک عباسی دور کا تعلق ہے تو وہ 132 ہجری میں شروع ہوا اور 656 ہجری تک چلتا رہا۔ اموی حکومت کا دار الخلافہ دمشق تھا جبکہ عباسی خلفاء نے بغداد کو اپنا پایہ تخت بنایا۔ عباسی حکومت کی نمایاں خوبی یہ رہی کہ کم وبیش دوسو سال تک اس خاندان نے مسلم علاقوں میں مکمل عروج حاصل کیا۔ بغاوت ہوئی تو اسے سختی سے کچل دیا۔ ہارون الرشید عباسی ہاشمی 149 ہجری میں پیدا ہوئے۔ والد کا نام محمد المہدی، دادا کا نام ابوجعفر عبداللہ المنصور اور بڑے دادا کا نام محمد بن علی تھا جو سیدنا عبداللہ بن عباس ہاشمی کے پوتے تھے۔ یہ بنوعباس کے پانچویں خلیفہ تھے۔ ان کی والدہ کا نام خیزران تھا جو محمد المہدی کے دور میں بڑی طاقتور خاتون تھی۔ خلیفہ نے اپنی اہلیہ کو بے پناہ اختیارات دے رکھے تھے۔ ہارون الرشید جب پیدا ہوا تو اس کا والد ''الری'' شہر کا گورنر تھا۔ یہ ایران کا ایک شہر تھا جو تہران کے قریب واقع تھا۔ ہارون نے اپنے بھائی موسیٰ الہادی کے ساتھ بغداد ہی میں بچپن گزارا۔ اس کے دادا ابو

جعفر منصور اس وقت خلیفہ تھے۔ اس کی تعلیم و تربیت کا بہت ہی عمدہ بندوبست کیا گیا۔ اس زمانے میں عباسی خاندان پر ''برامکہ'' اثر انداز ہو چکے تھے۔ برامکہ ایرانی النسل تھے۔ یہ نہایت ہی ذہین وفطین' اصحاب علم ،ور معاملہ فہم لوگ تھے۔ ہارون کے والد کے حکم پر برامکہ خاندان کے لوگوں نے ہارون کی تعلیم وتربیت میں مؤثر کردار ادا کیا۔ ہارون کو عربی زبان سکھانے کے لیے علم نحو کے مشہور عالم علی بن حمزہ الکسائی کی خدمات حاصل کی گئیں۔ گھڑ سواری' نیزہ بازی اور تلوار سے لڑائی کرنا تو عربوں کی گھٹی میں پڑا ہوا تھا۔ اس کے باوجود چھوٹی عمر ہی سے بچوں کی تربیت اس طرح کی جاتی تھی کہ انہیں بڑے ہو کر لوگوں کی قیادت کی ذمہ داریاں سنبھالنا ہیں۔ بطور خاص حکمران طبقہ اپنے بچوں کی اس نوعیت کی تربیت پر خصوصی توجہ دیتا تھا۔ اس زمانے میں آج کی طرح کالج اور یونیورسٹیاں تو نہیں تھیں' مگر ہر فن کے لائق ترین اساتذہ کا انتخاب کر کے ان کا تعین کیا جاتا اور بچوں کی خصوصی تعلیم پر بھرپور توجہ دی جاتی۔ بڑے بڑے قابل اتالیق سارا دن بچے کے ساتھ رہا کرتے تھے۔ جہاں تک ہارون الرشید کا تعلق ہے تو اس کی تعلیم وتربیت کے لیے بہت ہی خاص بندوبست کیا گیا تھا۔

قیصر نقفور کے بارے میں لکھتے ہوئے یہ خیال آیا کہ کیوں نہ ہم قارئین کرام کو رومن ایمپائر کے بارے میں کچھ بتاتے چلیں۔ رومن ایمپائر ایک بہت بڑی سلطنت تھی۔ اس کے دو حصے تھے' ایک مغربی رومن ایمپائر اور دوسری مشرقی رومن ایمپائر کہلاتی تھی۔ اس کا صدر مقام روم تھا۔ روم کے مغربی حصے کی ساری غذائی ضروریات مصر اور شام کی گندم سے پوری ہوتی تھیں۔ کچھ عرصہ گزرا تو مغربی رومن ایمپائر کو قانون قدرت کے تحت زوال کا سامنا کرنا پڑا اور مشرقی رومن ایمپائر آہستہ آہستہ خودمختاری کی طرف بڑھنے لگی۔ رسول اللہ ﷺ کی پیدائش سے قریباً سو سال پہلے مغربی رومن ایمپائر کا شیرازہ بکھر گیا اور وہ چار بڑے ممالک جرمنی' فرانس' برطانیہ اور سپین پرتگال وغیرہ میں تقسیم ہوگئی۔ دوسری طرف مشرقی رومن ایمپائر خود مختار اور مستحکم ہوگئی' اس کا صدر مقام قسطنطنیہ تھا۔ مصر' شام' لبنان' فلسطین' وسطی ایشیا اور مشرقی یورپ کے بہت سے علاقے اس کے زیر نگیں تھے۔ خلفائے راشدین' بنو امیہ اور بنو عباس کے ادوار میں اس کے ساتھ بہت سے معرکے ہوئے اور مسلمان اس کے حجم کو کم کرتے رہے۔ اس کے صدر مقام قسطنطنیہ کو فتح کرنے اور اس کے خاتمے کی سعادت عثمانی ترکوں کے سلطان محمد الفاتح کے حصے میں آئی۔ انہوں نے 21 جمادی الأولی 857 ہجری میں قسطنطنیہ فتح کیا اور اس کا نام استنبول رکھا جو اس کے بعد عثمانی ترکوں کا دارالخلافہ بن گیا۔

ہارون کے دادا ابو جعفر منصور 158 ہجری میں وفات پاتے ہیں تو ان کی جگہ ہارون کے والد محمد مہدی خلیفہ بنتے ہیں۔ مہدی نے بیٹے کی تربیت پر مزید توجہ دی۔ بطور خاص گھڑ سواری اور شمشیر زنی پر ہارون نے خوب مشق کی۔ اس وقت ہارون رشید کی عمر صرف پندرہ سال تھی جب انہیں ایک چھوٹے سے لشکر کی قیادت کرتے ہوئے رومیوں کی سرحد پر بھیجا گیا۔ دشمن ''سمالوا'' نامی قلعہ میں بند تھا۔ مسلمانوں نے قلعہ کا محاصرہ کرلیا جو 38 دن تک جاری رہا۔ ہارون کا یہ پہلا امتحان تھا۔ وہ نہایت کامیابی سے اس قلعہ کو فتح کرتا ہے۔ ہارون اس شان سے بغداد واپس آتا ہے کہ اس کے ہمراہ بہت سارا مال غنیمت تھا۔ اہل بغداد لشکر کے استقبال کے لیے شہر سے باہر نکل پڑتے ہیں۔ 15 سالہ نوجوان قائد کا بھرپور استقبال ہوتا ہے۔ ہارون کے والد مہدی اپنے بیٹے کو اس کامیابی پر یہ انعام دیتے ہیں کہ انہیں آذربیجان اور آرمینیہ کا گورنر بنا دیا جاتا ہے۔

ہارون کی اصل شہرت اس وقت ہوتی ہے جب وہ قسطنطنیہ پر حملہ آور ہوتا ہے اور اس کے دروازوں تک جا پہنچتا ہے۔ اگرچہ وہ اسے فتح نہ کرسکا' مگر صلیبیوں کو مسلمانوں کی طاقت کا خوب اندازہ ہوجاتا ہے۔

یہی وقت تھا جب ہارون کی شادی اپنی چچازاد بہن زبیدہ بنت جعفر سے ہوتی ہے۔ زبیدہ اپنے وقت کی نہایت خوبصورت' سمجھ دار اور ذہین خاتون تھی۔ یہ شادی تاریخ کی مشہور ترین شادیوں میں سے ایک تھی۔ زبیدہ سے اس کے ہاں بیٹا پیدا ہوتا ہے جس کا نام محمد الامین رکھا جاتا ہے۔ ہارون کا دوسرا بیٹا عبداللہ المامون مراجل نامی لونڈی کے بطن سے پیدا ہوا۔ مراجل کا تعلق ایران سے تھا۔ اس کے آباء واجداد مجوسی تھے۔ ہارون الرشید رومیوں سے لڑائیوں میں مسلسل مشغول رہا۔ اللہ تعالیٰ اسے کامیابیوں سے نوازتا چلا گیا۔ وہ دن بھی آیا کہ جب وہ بغداد پہنچا تو اس کا والد مہدی اس کے استقبال کے لیے موجود تھا۔ باپ نے بیٹے کو سینے سے لگایا' اس کا ماتھا چوما' اسلام دشمن قوتوں کے خلاف کامیابیوں پر اسے مبارک باد دی اور بیٹے کو رشید کے خطاب سے نوازا۔ وہ ہارون کے بڑے بھائی موسیٰ الہادی کو ولی عہد مقرر کر چکا تھا۔ اس نے موسی الہادی کے بعد ہارون کے خلیفہ بننے کا اعلان کیا۔ اس طرح ہارون الرشید نائب ولی عہد بنتے ہیں۔

ہارون رشید اپنے بڑے بھائی موسیٰ الہادی کی وفات کے بعد 14 ربیع الاول 170 ہجری میں خلافت کی ذمہ داریاں سنبھالتے ہیں۔ اس وقت مسلمانوں کی حکومت مشرق سے مغرب تک اور شمال سے جنوب تک پھیل چکی تھی۔ اتنی وسیع مملکت میں بعض فتنوں کا سر اٹھانا ایک طبعی عمل تھا۔ حکومت کے نظام کو چلانے کے لیے بہت سمجھ دار' ذہین وفطین اور بروقت فیصلہ کرنے والی شخصیت کی ضرورت تھی۔ یہ تمام صفات اور خوبیاں ہارون الرشید میں بدرجہ اتم پائی جاتی تھیں۔ ہارون الرشید نے 21 سال تک حکومت کی اور 191 ہجری میں محض 41 سال کی عمر میں خراسان کے علاقے طوس میں جسے موجودہ دور میں مشہد (ایران) کہا جاتا ہے وفات پائی۔

ہارون الرشید نے 21 سال تک حکومت کی اور 191 ہجری میں محض 41 سال کی عمر میں خراسان کے علاقے طوس میں جسے موجودہ دور میں مشہد (ایران) کہا جاتا ہے وفات پائی۔

خصوصی اجلاس

مرکزی جمعیت اہل حدیث ضلع وشہر ساہیوال کا مشترکہ خصوصی اجلاس جامع مسجد ثنائیہ سبزی منڈی ساہیوال میں 15 مارچ بروز منگل بعد نماز مغرب ہوا جس میں امیر ضلع حافظ محمد ظفر اللہ خان' ناظم ضلع قاری اظہار احمد' مولانا احمد یار صدیقی' مرزا محمد سلیم' حافظ محمد عبداللہ خان' قاری محمد حسن سلفی اور حافظ عبدالجبار زاہد نے شرکت کی اور ایک نکاتی ایجنڈے پر بات کرتے ہوئے طے کیا کہ ہر سطح پر شہر وضلع مل کر کام کریں گے۔

رپورٹ: قاری محمد حسن سلفی' نائب امیر ضلع ساہیوال

رعد الشمال فوجی مشقیں

جناب امیر افضل اعوان

دشمنان اسلام کی مسلسل سازشوں کے نتیجہ میں آج بین الاقوامی سطح پر مسلمانوں کو عالمی برادری کی طرف سے تیسرے درجہ کی مخلوق تصور کیا جاتا ہے۔ دور جدید کی جملہ سہولیات اور دنیا کے وسائل کو یہود و نصاریٰ اپنا وراثتی حق تصور کرتے ہوئے دیگر دشمنان اسلام کے ساتھ ساز باز کر کے مسلم ممالک کے گرد گھیرا تنگ کئے ہوئے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آج دنیا کے تیسرے حصہ پر مشتمل اسلامی آبادی کو دیوار کے ساتھ لگا دیا گیا ہے اور اسلام دشمن عناصر مسلمانوں کو نیست و نابود کرنے کا کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیتے' بلکہ یہ اسلام کے ازلی دشمن اپنے بجٹ میں باقاعدہ ایک حصہ اسلام دشمنی کے لئے مختص کر کے ہر حد سے گزر جاتے ہیں۔ اس حوالہ سے مسلمانوں کو رنگ، نسل، خطہ اور قومیت کی بنیاد پر تقسیم کرنے کے ساتھ ساتھ ایک ہی رنگ و نسل اور خطہ کے باسیوں میں تفرقہ بازی کا زہر گھولا جا رہا ہے۔ برصغیر کی تقسیم عمل میں آئی تو انہی طاغوتی طاقتوں نے مسلم کش فسادات کا وہ لامتناہی سلسلہ شروع کیا کہ خدا کی پناہ۔ اندرون ہندوستان اور کشمیر میں بھارتی ظلم و تشدد کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں۔ خیر کشمیر و فلسطین تو پہلے ہی امت مسلمہ کے رستے ہوئے زخم تھے مگر اب ان زخموں میں افغانستان، عراق، فلپائن، اریٹریا، یمن، لیبیا، مراکش اور صومالیہ کے علاوہ ترکی، مصر، شام اور پاکستان و بنگلہ دیش سمیت دیگر ممالک کا بھی اضافہ ہو چکا ہے کہ جہاں عملاً سوچی سمجھی سازشوں کے تحت مسلم حکومتوں کو کمزور و بے بس کرتے ہوئے ایک طرف کٹھ پتلی حکمران مسلط کئے جا چکے ہیں تو دوسری جانب مسلم امہ کو معاشرتی، اخلاقی، مذہبی، علاقائی و لسانی بنیادوں کے ساتھ ساتھ رنگ و نسل کی بنیاد پر تقسیم در تقسیم کئے جانے کا سلسلہ پورے زور و شور کے ساتھ جاری ہے۔ مگر اس میں بھی شک و شبہ کی کوئی گنجائش نہیں کہ ان تمام محاذوں پر ان طاغوتی طاقتوں کو مسلمانوں کے خلاف برسر پیکار ہونے اور کثیر بجٹ صرف کئے جانے کے باوجود ہزیمت کا سامنا ہے اور امت کے جانثار کہیں سمجھوتہ کے لئے تیار نہیں۔

عالمی منظر نامہ پر نظر ڈالی جائے تو بخوبی احساس ہوتا ہے کہ یہود و نصاریٰ دنیا کے گرد ایک جال بنتے نظر آتے ہیں اور اس سلسلہ میں وہ عالمی امن کی ٹھیکیداری کا لبادہ اوڑھ کر خود کو تمام قوانین و ضوابط سے بالاتر تصور کر رہے ہیں۔ ہر جگہ پر ان کی من مانیوں کا سلسلہ دراز نظر آتا ہے۔ اتحادی فوجیں ہمسایہ ملک افغانستان میں بھی ملکی قوانین سے بالاتر اور کسی بھی فوجی آپریشن کے لئے مکمل آزاد ہیں۔ سعودی عرب کی سرحد پر واقع حوثی قبائل اور حکومت کے مابین سوچے سمجھے منصوبہ کے تحت لڑائی شروع کروا کر اور اسے فرقہ وارانہ رنگ دے کر بیرونی مداخلت بڑھائی گئی۔ پاکستان میں بھی امریکی آزادانہ مداخلت اور نقل و حمل کے ساتھ ساتھ ڈرون حملے کیے جا رہے ہیں جن سے بے گناہ مرد و زن اور بچے موت کا شکار ہو رہے ہیں۔ دوسری طرف یورپ و امریکہ میں مسلمانوں پر وہ پابندیاں نہیں جو وسط ایشیائی ریاستوں میں عائد کی جا رہی ہیں۔ تاجکستان میں 18 سال سے کم عمر نوجوان مسجد نہیں جا سکتا، بچیاں سر پر دوپٹہ نہیں رکھ سکتیں۔ مسجد سے باہر بالخصوص دفاتر میں نماز ادا نہیں کی جا سکتی اور اگر ایسا ہو تو امام پر بھاری جرمانہ عائد کیا جاتا ہے۔ بھارت کی جیلوں میں مسلمان قیدیوں کی تعداد تیزی سے بڑھتی جا رہی ہے جب کہ ان میں سے اکثر 10 سے 15 سال قید بھگتنے، جیلوں میں سسکنے اور عدالتوں میں گھسیٹے جانے کے بعد بے گناہ قرار دے دیئے جاتے ہیں۔ امت مسلمہ ابھی بابری مسجد مسمار کئے جانے کے غم سے باہر نہیں آئی کہ گذشتہ کچھ برسوں سے مسجد اقصیٰ کو شہید کر کے وہاں ہیکل سلیمانی تعمیر کرنے کی کئی خطرناک کوششیں کی جا رہی ہیں۔

شر پسند و اسلام دشمن عناصر کی طرف سے سرزمین عرب کے خلاف سازشوں کا تسلسل بھی کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں۔ خانہ کعبہ پر قبضہ کا ناپاک منصوبہ لئے اپنے مذموم عزائم کی تکمیل کے لئے مخصوص عناصر ایڑی چوٹی کا زور لگا رہے ہیں۔ سعودی سرحدی علاقوں میں حوثی قبائل کی شورشیں بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہیں اور اس سے قبل ایک تسلسل کے ساتھ رونما ہونے والے واقعات بھی اسی امر کی نشاندہی کر رہے ہیں کہ مسلمانوں کی صفوں میں دراڑیں ڈالنے کی یہ سعی لاحاصل ابھی رکی نہیں بلکہ آئندہ بھی جاری رہے گی۔ اسی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے سعودی عرب میں خطہ کی تاریخ کی سب سے بڑی اور اہم فوجی مشقوں کے اہتمام کا فیصلہ کیا گیا۔ ان فوجی مشقوں میں 20 ممالک کی افواج نے حصہ لیا۔ مشقوں میں شرکت کرنے والے ممالک کے دستے مملکت پہنچے۔ ''رعد الشمال'' یعنی ''شمال کی گرج'' کے نام سے ان مشقوں کا انعقاد سعودی عرب کے شمالی شہر حفر الباطن کے کنگ خالد ملٹری سٹی میں کیا گیا جس میں پاکستان سمیت 20 ممالک کی افواج نے حصہ لیا۔ ملکوں کی تعداد کے لحاظ سے یہ سب سے بڑی فوجی مشقیں شمار کی گئیں جس میں 20 عرب اور برادر اسلامی ممالک کے علاوہ خلیج کے 6 ممالک کی مشترکہ فوج بھی شریک تھی، سعودی سرکاری نیوز ایجنسی کے مطابق مشقوں میں سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، اردن، بحرین، سینیگال، سوڈان، کویت، مالدیپ، مراکش، پاکستان، چاڈ، تیونس، جبوتی، کوموروس، سلطنت عمان، قطر، ملائیشیاء، مصر، موریتانیا اور ماریشس کی افواج شامل تھیں۔

''شمال کی گرج'' کے نام سے ہونے والی ان جنگی مشقوں میں شریک ممالک کی تعداد اور مختلف اقسام کے فوجی ساز و سامان کے علاوہ جدید ترین ہتھیاروں اور اسلحے

''شمال کی گرج'' کے نام سے ہونے والی ان جنگی مشقوں میں شریک ممالک کی تعداد اور مختلف اقسام کے فوجی ساز و سامان کے علاوہ جدید ترین ہتھیاروں اور اسلحے کے لحاظ سے اپنی نوعیت کی سب سے بڑی جنگی مشقیں تھیں۔

باقی صفحہ 21 پر

قافلہ حریت کے بطل جلیل

شہید ملت علامہ حضرت احسان الٰہی ظہیر رحمہ اللہ

تحریر: جناب محمد عبدالاعلیٰ درانی

۲۳ مارچ ۱۹۸۷ء پاکستان کی تاریخ کا سیاہ دن تھا جس دن مینار پاکستان کے پہلو میں واقع قلعہ لچھمن سنگھ میں ایک دینی اجتماع میں طاقتور بم پھٹا اور عالم اسلام کے بے مثال خطیب علامہ احسان الٰہی ظہیر اور مولانا حبیب الرحمن یزدانی اپنے دس بے گناہ ساتھیوں سمیت جاں بحق ہوگئے۔ علامہ احسان الٰہی ظہیرؒ پاکستان کی ایک بے مثال نمایاں دینی وسیاسی شخصیت تھے۔ سیاسی ودینی حلقوں میں انہیں بیک وقت پذیرائی حاصل تھی۔ تمام مکاتب فکر کے اکابر کے ساتھ ان کی بے تکلف دوستی تھی۔ ان کی وفات پر ایک زمانہ بیت گیا لیکن ان کی خطابت کی گونج آج بھی فضاؤں میں رچی بسی ہے۔ برصغیر میں تحریک آزادی نے بڑے بڑے جغادری خطیب پیدا کیے۔ مولانا ابوالکلام آزاد اور سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے نام سے کون ناواقف ہے۔ لیکن بلا مبالغہ علامہ احسان الٰہی ظہیر کے پائے کا کوئی خطیب برصغیر میں پیدا نہیں ہوا۔ علامہ احسان الٰہی ظہیرؒ کی خطابت نہ صرف برصغیر کی تاریخ میں بے مثال تھی بلکہ وہ عربی زبان میں بھی اسی روانی اور سلاست کے ساتھ خطابت کرتے تھے کہ اہل زبان کو بھی رشک آتا تھا۔ مدینہ یونیورسٹی میں تعلیم کے دوران انہیں مسجد نبوی میں درس کا حلقہ ملا تو عربی زبان کے بڑے بڑے خطیبوں نے مانا کہ اس طرح کی طلاقت لسانی اور قدرت بیانی تو اہل زبان کو بھی حاصل نہیں۔ سابق عراقی صدر صدام حسین کی موجودگی میں علامہ احسان الٰہی نے جو بے مثال تقریر کی تھی اس نے صدام حسین جیسے سخت گیر انسان پر بھی رقت طاری کردی تھی۔ ۱۹۸۷ء میں کراچی میں اسلامی ممالک کے وزرائے خارجہ کے اجلاس میں علامہ صاحب نے عربی میں فی البدیہہ ایسی مؤثر تقریر کی کہ تمام عرب وزراء بھی انگشت بدنداں رہ گئے۔ جنرل ضیاء الحق مرحوم بھی اس میں موجود تھے انہوں نے علامہ صاحب کا ماتھا چوما اور کہا کہ پاکستان کیلئے یہی فخر کیا کم ہے کہ ہم میں علامہ احسان الٰہی جیسا سپوت موجود ہے۔ بعد میں جنرل ضیاء الحق نے آپ کو حکومت میں شامل کرنے کی کئی دفعہ کوشش کی لیکن یہ شاہین کسی طرح زیر دام نہ آیا۔ آغا شورش کاشمیری جو خود بھی بلند پایہ خطیب وادیب تھے ان کے بقول خطابت کی تمام خوبیاں (وجاہت، شجاعت، طلاقت لسانی، قادر الکلامی، مدلل گفتگو، اور بلند آہنگی) صرف علامہ احسان الٰہی ظہیر کے اندر موجود ہیں۔ آغا صاحب کی نیازمندی اس وقت سے تھی جب علامہ صاحب نے مدینہ یونیورسٹی سے فراغت کے بعد اقبال پارک میں پہلا عید کا خطبہ دیا اور حکومت کی متشددانہ کاروائیوں کی دھجیاں بکھیر دی تھیں۔

بقول شخصے سیالکوٹ کی مردم خیز سرزمین نے بڑے بڑے لوگ پیدا کیے لیکن علامہ کا لقب دو ہی شخصیتوں پر جچتا ہے: ایک علامہ محمد اقبال اور دوسرے علامہ احسان الٰہی ظہیر۔ علامہ صاحب کے والد حاجی ظہور الٰہی ایک کامل ولی انسان تھے، نہایت پاکباز اور متبع شریعت۔ جنہوں نے اپنے اس بیٹے کو بڑے لاڈ پیار سے پالا ان کے بچپن کے تمام ناز اٹھا کر انہیں ایک اعلیٰ منصب پر پہنچنے کیلئے ماحول فراہم کیا۔ علامہ صاحب میں بچپن ہی سے کچھ کرگزرنے کی صلاحیت موجود تھی۔ انہوں نے جامعہ سلفیہ فیصل آباد، جامعہ اسلامیہ گوجرانوالہ اور پھر مدینہ یونیورسٹی سعودی عرب سے علوم اسلامیہ میں کامل دستار حاصل کی۔ اسی دوران میں ان کی شادی شیخ الحدیث حضرت العلام حافظ محمد محدث گوندلوی کی صاحبزادی سے ہوگئی جو خود بھی عالمہ فاضلہ اور قرآن کریم کی حافظہ تھیں۔ مدینہ یونیورسٹی تعلیم کے دوران علامہ صاحب نے فرق وادیان کے مشکل مضمون کو اختیار کرکے اس میں مکمل رسوخ حاصل کیا اور پھر انہوں نے شہرہ آفاق کتابیں لکھ کر فرق باطلہ قادیانیت اور رفض وتشیع کے تار وپود بکھیرے۔

علامہ احسان الٰہی ظہیرؒ کی خطابت نہ صرف برصغیر کی تاریخ میں بے مثال تھی بلکہ وہ عربی زبان میں بھی اسی روانی اور سلاست کے ساتھ خطابت کرتے تھے کہ اہل زبان کو بھی رشک آتا تھا۔

چینیانوالی مسجد میں تقرری

مدینہ یونیورسٹی سے فراغت کے اسی زمانے میں علامہ صاحب نے لاہور میں قیام اختیار کیا اور تاریخی مسجد چینیانوالی میں خطابت کے منصب پر فائز ہوئے۔ اس مسجد کا تعلق شاہ اسماعیل شہیدؒ کی تحریک مجاہدین کے ساتھ تھا' اس لیے یہاں بڑے بڑے جغادری خطیب فریضہ خطابت انجام دیتے رہے۔ مثلاً مولانا سید داؤد غزنویؒ کا برصغیر کی تاریخ میں ایک بلند پایہ نام ہے۔ چونکہ یہ مسجد رنگ محل کی ایک چھوٹی سی گلی کوچہ چابک سواراں میں ہے اس لیے نماز عید اقبال پارک کے وسیع وعریض گراؤنڈ میں ادا کی جاتی ہے۔ اندرون لاہور کی بیشتر آبادی یہیں نماز عید ادا کرتی تھی حتی کہ مشہور ولی اللہ مفسر قرآن مولانا احمد علی لاہوریؒ بھی ساری زندگی یہیں مولانا داؤد غزنویؒ کی اقتداء میں نماز عید ادا کرتے رہے۔ سید غزنوی کی وفات ۱۹۶۳ء میں ہوئی تھی۔ اس کے بعد چینیانوالی مسجد کو کوئی ایسا بلند آہنگ خطیب نہیں ملا تھا اور نہ ہی سید داؤد غزنوی جیسی قدآور شخصیت کے بعد کوئی ہستی اس معیار پر پورا اترتی تھی۔ علامہ احسان الٰہی کی بطور خطیب تقرری سے یہ خلا پر ہوتا نظر آیا۔ یہ وہ دور ہے جب سقوط مشرقی پاکستان کا زخم ابھی تازہ ہی تھا۔ اپنی تقرری کے فوراً بعد علامہ صاحب نے پہلا خطبہ عید اقبال پارک میں دیا تو اجتماع میں قافلہ آزادی کے بطل حریت، نامور ادیب وخطیب مدیر چٹان آغا شورش کاشمیریؒ بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ احسان الٰہی! اگر آج کے بعد تم خطبہ دینا بند بھی کردو تو صف اول کے نامور خطباء کی فہرست میں تمہارا نام شامل ہی رہے گا۔ اس کے بعد تازندگی آغا صاحب اور علامہ صاحب کی رفاقت رہی۔ خطابت کے ساتھ ساتھ علامہ صاحب کو ہفت روزہ الاعتصام جس کے مسئول شیخ الحدیث علامہ محمد عطاء اللہ

حنیفؒ تھے، اس ہفت روزہ کا مدیر بھی بنادیا گیا۔ علامہ صاحب کے انقلابی اداریوں نے حکومتی ایوانوں میں ہلچل پیدا کردی۔ جماعت کو بھی ایک نئے آہنگ والا مدیر مل گیا۔ آپ نے اپنا ماہنامہ ترجمان الحدیث کا ڈیکلریشن بھی منظور کرالیا جو اب جامعہ سلفیہ فیصل آباد کی زیرنگرانی نکل رہا ہے۔ جماعتی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ آپ نے سیاسی طور پر اپنے راہ ورسم خوب بڑھالیے۔ نوبزادہ نصر اللہ خان مرحوم کے ساتھ علامہ صاحب کے نیازمندانہ تعلقات تا حیات رہے۔ نتیجے میں آپ کو قیدوبند کی صعوبتیں بھی برداشت کرنا پڑیں۔ بھٹو دور میں ایوب خانی دہشت و وحشت کے منحوس اثرات پاکستان پر پوری طرح نمایاں تھے۔ وفاقی وصوبائی بزرجمہروں کی غیر جمہوری اقدار کے خلاف جو مؤثر احتجاجی آوازیں نمایاں تھیں ان میں آغا شورش کاشمیری کا نام تو خیر پہلے ہی موجود تھا۔ دوسرا نام اسی نوجوان خطیب کا تھا جسے دنیا علامہ احسان الٰہی ظہیر کے نام سے جانتی ہے۔ آغا صاحب اور علامہ صاحب دونوں ہی بلند پایہ خطیب تھے جہاں جاتے، شعلہ بیانی سے ہلچل پیدا کردیتے۔ آغا شورش کاشمیری کے وارنٹ گرفتاری جاری ہوگئے مگر ہر دفعہ وہ حکومت کو جل دے کر کامیابی سے نکل جاتے۔ لاہور ائیرپورٹ پر آغا شورش مرحوم اور علامہ احسان الٰہی ملتان تقریر کیلئے جارہے تھے کہ پولیس نے اچانک چھاپہ مار کر آغا صاحب کو گرفتار کرلیا اور علامہ صاحب کو جانے دیا۔ علامہ صاحب نے ملتان پہنچ کر زبردست تقریر کی۔ جہاں وہ ملتان کی تاریخ کا انوکھا باب تھا وہاں اس تقریر کی شعلہ بیانی نے پورے ملک میں ہلچل مچادی جس کے نتیجہ میں حکومت کو آغا شورش مرحوم کو رہا کرنا پڑا۔ آغا شورش کاشمیری اپنے ہر خطاب سے پہلے علامہ صاحب کا بڑا شاہکار تعارف کروایا کرتے تھے کہ اس نوجوان کی خطابت کے کیا کہنے کہ اردو ان کے گھر کی لونڈی ہے، عربی ان کی جیب کی گھڑی ہے اور فارسی ان کے ہاتھ کی چھڑی ہے۔

قادیانیت کا تعاقب

علامہ احسان الٰہیؒ قادیانیت کی مکروہ تاریخ پر بڑی گہری نظر رکھتے تھے۔ انہوں نے بالکل نوجوانی کی عمر اور مدینہ یونیورسٹی میں دوران تعلیم سب سے پہلے رد قادیانیت کے موضوع پر مدلل کتاب لکھی تھی۔ ۱۹۷۴ء میں نشتر کالج ملتان کے طلباء پر ربوہ اسٹیشن پر قادیانیوں کے تشدد کی وجہ سے پورے ملک میں قادیانی مخالفت تحریک شروع ہوگئی اور ۱۹۵۳ء کی تحریک کی جو چنگاری دی ہوئی تھی وہ پھر بھڑک اٹھی۔ حکومت نے اسے روکنے اور ٹالنے کی پوری کوشش کی لیکن تحریک بہت پرزور ہوچکی تھی۔ مولانا محمد یوسف بنوری، مولانا مفتی محمود، مولانا ابوالاعلیٰ مودودی، مولانا شاہ احمد نورانی، نوابزادہ نصر اللہ خان، علامہ احسان الٰہی ظہیر، اور سید مظفر علی شمسی صف اول کے قائدین تھے۔ مجلس عمل کے قائدین کی بے پناہ دینی وسیاسی بصیرت نے تحریک کو تشدد سے بچائے رکھا۔ اس اتحاد و یکجہتی کی وجہ سے حکومت گھٹنے ٹیکنے پر مجبور ہوگئی اور ۷/ستمبر ۱۹۷۴ء کو قومی اسمبلی نے قادیانیوں کو غیر مسلم قرار دینے کا تاریخی قانون پاس کردیا۔ اس تاریخی دن سے تین روز پہلے بادشاہی مسجد لاہور میں تحریک ختم نبوت کے تمام قائدین کا مشترکہ اجتماع ہوا۔ عوام کا ٹھاٹیں مارتا ہوا سمندر تھا۔ مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی دھیمے دھیمے لہجے میں تقریر کررہے تھے کہ مولانا مفتی محمود صاحب کی تشریف آوری ہوئی اور نوجوانوں کے جذبات قابو سے باہر ہوگئے۔ ایسے میں کچھ شرپسند عناصر نے موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ہنگامہ کردیا' سارا مجمع کھڑا ہوگیا اور شور شرابہ حدوں سے بڑھنے لگا۔ بڑے بڑے قائدین نے مائیک پر آکر ہنگامہ ختم کرنے کی اپیلیں کیں مگر کامیابی نہ ہوئی۔ ایسے میں علامہ احسان الٰہی ظہیر نے مائیک سنبھالا اور چند منٹ کے اندر اندر اتنے بڑے مجمع پر خاموشی کی چادر تن گئی۔ ورنہ وہ آخری اجتماع تھا اگر وہ ناکام ہوجاتا تو تحریک کی کامیابی مشکوک ہوجاتی۔ چنیوٹ میں مشترکہ مجلس ختم نبوت کا سالانہ اجتماع ہوا کرتا تھا۔ تیسرے دن کا اجتماع تو بہت اہم ہوتا، جس میں ملک بھر سے لوگ پہنچتے۔ رات کے سیشن میں تمام مکاتب فکر کے نامور علماء کی تقاریر ہوتیں۔ علامہ احسان الٰہی کی تقریر سب پر سبقت لیجاتی۔

تحریک نظام مصطفیٰ

۱۹۷۷ء کی تحریک جو بھٹو دھاندلی کے خلاف چلائی گئی تھی جسے بعد میں تحریک نظام مصطفیٰ کا نام دیدیا گیا۔ اس تحریک میں بھی علامہ صاحب صف اول کے قائدین میں شمار ہوتے تھے۔ اگرچہ آپ قصور کے حلقہ این اے ۱۴۰ سے قومی اتحاد کے امیدوار تھے لیکن ان کی خطابت کی ضرورت ہر بڑے اجتماع میں ہوتی تھی۔ آپ جہاں بھی جاتے سامعین پر دیوانگی طاری کردیتے۔ اس دور میں علامہ صاحب کی دلیری، بے خوفی اور شجاعت ایک مثال بنی ہوئی تھی۔ ۱۴ اپریل کو لاہور پولیس نے لوہاری مسجد میں علمائے دین پر تشدد کا جو شرمناک مظاہرہ کیا اس کے جواب میں علامہ احسان الٰہی ظہیر نے جس شجاعت کے ساتھ جلوس کی قیادت کی اور پولیس کی لگائی گئی حدود کو توڑ کر جلسے کو منطقی انجام تک پہنچایا وہ آپ کی قائدانہ صلاحیتوں کی بین دلیل تھی۔ چونکہ آپ کی مجاہدانہ سرگرمیوں کا عمومی ہدف برسراقتدار طبقہ ہوتا تھا اس لیے آپ پر دن رات کیس بنائے جاتے۔ تب آپ نے ائیرمارشل اصغر خان کی تحریک استقلال میں سیاسی مجبوریوں کی خاطر شمولیت اختیار کرلی۔ انہیں فوراً تحریک استقلال کا سیکرٹری اطلاعات بنادیا گیا۔ مگر جب ائیرمارشل اصغر خان نے قومی اتحاد سے علیحدگی اختیار کرلی تو آپ کو بھی تحریک استقلال چھوڑنا پڑی۔

جماعت کی تنظیم نو

تحریک استقلال سے علیحدگی کے بعد آپ نے اپنی مذہبی جماعت کی شیرازہ بندی کا بیڑہ اٹھایا اور چند ہی سالوں میں جمعیت اہل حدیث پاکستان کے نام سے ایک مؤثر تنظیم قائم کرلی۔ اس کے ساتھ ساتھ علامہ احسان الٰہی نے تصنیف وتالیف کا کام بھی جاری رکھا۔ فرق باطلہ کے رد میں آپ کی بیسیوں تصانیف براہ راست عربی زبان میں نہایت مدلل اور سلجھے انداز میں لکھی گئی تھیں۔ دنیا میں جہاں جہاں مسلمان بستے ہیں وہ تصانیف ان تک پہنچائی گئیں۔ اس طرح مسلمانان عالم کو ان فتنہ گروں کا اصلی رخ دیکھنے کو ملا ورنہ بے شمار ایسے مسلمان تھے جو قادیانیوں کو مسلمان جماعت سمجھتے تھے۔ آج بھی یہ فتنہ افریقی ممالک میں اسلام ہی کے نام سے اپنا ناپاک وجود برقرار رکھنے میں کوشاں ہے۔ علامہ صاحب کی تصانیف نے ان کا اور دیگر باطل فرقوں کے حقیقی روپ کو پیش کیا۔

علامہ احسان الٰہی کی جماعت دراصل تبلیغ اسلام کی ایک اصلاحی تحریک تھی جسے آگے بڑھنے کیلئے ایک بڑے مرکز کی ضرورت تھی تب آپ نے لاہور کے ایک پوش اور مہنگے علاقے لارنس روڈ پر کئی کنال جگہ خرید لی۔ خود اپنی

گرہ سے بھی خطیر رقم بطور عطیہ دی۔ جہاں فوری طور پر تبلیغی اور تنظیمی سرگرمیاں شروع کردیں۔ نوجوانوں کو اہل حدیث یوتھ فورس کے نام سے منظم کیا اور پورے ملک میں آپ کی آواز گونجنے لگ گئی۔ علامہ صاحب نے اسی عرصے میں پورے ملک میں بڑے بڑے اجتماعات کرنے کا پروگرام بنایا۔ گوجرانوالہ، قصور وغیرہ میں لاکھوں کے اجتماعات منعقد ہوئے۔

مارچ ۱۹۸۷ء میں چینیانوالی کی تاریخی مسجد میں بیس سالہ خطابت کے بعد آپ نے مناسب جانا کہ آئندہ جمعہ کا خطبہ مرکز لارنس روڈ پر دیا جائے گا۔ چنانچہ آپ نے اعلان کیا کہ اگلا جمعہ وہیں ہوگا لیکن قدرت کو کچھ اور ہی منظور تھا کہ اگلے جمعہ سے پہلے ہی جان لیوا حادثہ پیش آ گیا۔ اتفاق دیکھئے کہ ان سطور کا راقم بھی علامہ صاحب کی دعوت پر چینیانوالی مسجد میں موجود تھا۔ بعد میں علامہ صاحب نے گوجرانوالہ شیرانوالہ باغ میں منعقدہ جلسہ میں ساتھ چلنے کی دعوت دی۔

23 مارچ کا سانحہ

۲۳ مارچ ۱۹۸۷ء یوم پاکستان کے موقع پر ایک نئی تاریخ رقم ہوئی جو مینار پاکستان کے پہلو میں واقع آبادی قلعہ لچھمن سنگھ میں ایک ہولناک بم دھماکا ہوا اور عالم اسلام کی یہ نامور شخصیت اپنے دس ساتھیوں سمیت خاک وخون میں نہا گئی۔ یہ اتنا قبیح سانحہ تھا کہ پوری دنیا میں اس کا دکھ محسوس کیا گیا۔ کوئی چھوٹا بڑا انسان ایسا نہ تھا جس نے افسوس کا اظہار نہ کیا ہو۔ چند دن میو ہسپتال میں زیر علاج رہنے کے بعد والی حرمین شریفین کی خصوصی ہدایات پر آپ کو علاج کیلئے ریاض لیجایا گیا۔ وہاں بھی کچھ دن زیر علاج رہے لیکن بم کا زہر پورے جسم میں پھیل چکا تھا آخر وہ وقت اجل آ گیا جو ہر ذی نفس کا مقدر ہے اور آپ نے داعی اجل کی دعوت پر لبیک کہی۔ وفات کی خبر آناً فاناً ساری دنیا میں پھیل گئی۔ ریاض میں جنازہ ہوا پھر وہاں سے آپ کے جسد خاکی کو مدینہ منورہ لایا گیا جہاں حرم مدنی میں آپ کی دوبارہ نماز جنازہ ادا کی گئی اور جنت البقیع کے اس حصے میں سپرد خاک کردیا گیا جہاں امام مدینہ حضرت امام مالک رحمہ اللہ ساڑھے تیرہ سو سال سے آسودہ خاک ہیں۔

علامہ صاحب کی وفات سے جو خلا پیدا ہوا وہ آج تک پر نہیں ہوا کیونکہ بقول مختار مسعود اس طرح کی شخصیتیں کسی قوم کو انعام اور تحفے کے طور پر دی جاتی ہیں اور جب خدا ناراض ہوجائے تو اپنی نعمت واپس لے لیتا ہے۔

افسوس! دوقومی نظریہ کی جگہ آج نظریہ ضرورت نے لے لی۔ امیر محترم

امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان سینیٹر پروفیسر ساجد میر نے کہا ہے کہ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ دوقومی نظریہ کی جگہ آج نظریہ ضرورت نے لے لی ہے۔ موجودہ حالات میں دوقومی نظریہ دم توڑتا دکھائی دے رہا ہے۔ اگر سیکولر کا نعرہ لگتا تو پاکستان کبھی نہ بنتا، نظریہ پاکستان اسلامی تعلیمات کا آئینہ دار ہے جسکی حفاظت ہر پاکستانی کا فرض ہے مگر بدقسمتی سے اب پاکستان میں اسلامی سوچ پر پہرے بٹھانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ یہاں مسٹر اور ملا کی تقسیم اور لبرل ازم کی باتیں ہورہی ہیں۔ قائد اعظم اور علامہ اقبال پاکستان کو اسلامی ریاست بنانا چاہتے تھے ان کی سوچ اسلامی فلسفے اور تعلیمات کے عین مطابق تھی۔ اس امر کا اظہار انہوں نے مرکزی دفتر میں یوم پاکستان کے سلسلے میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ 23 مارچ ہماری تاریخ کا انمول دن ہے۔ اس دن ہمیں ملک کو ترقی یافتہ، پرامن اور دنیائے عالم میں معزز بنانے کا عہد کرنا ہوگا۔ برصغیر کے مسلمانوں نے اس دن ایک آزاد وطن کا خواب دیکھا تھا۔ انگریزوں اور ہندوؤں کے مظالم کے ستائے ہوئے لوگوں نے آزاد فضاؤں میں سانس لینے کی خواہش کا اظہار کیا تھا، مگر آج انگریزی اور ہندی کلچر عام ہورہا ہے، ذرائع ابلاغ کے ذریعے نئی نسل کو دینی اور مشرقی اقدار سے دور کیا جارہا ہے۔ تحفظ خواتین جیسے بل لاکر ہمارے خاندانی نظام پر کاری ضرب لگائی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ دن ہمیں اس وعدے کی پاسداری کی یاد دلاتا ہے کہ جب ہمارے بزرگوں نے آنیوالی نسلوں کو آزادی کی نعمت سے مالا مال کرنے کے لیے قربانیوں کی داستان رقم کی تھی۔ سب کی زبان پر صرف ایک ہی نعرہ تھا کہ پاکستان کا مطلب کیا۔ لا الہ الا اللہ اور اسی نعرے کی گونج میں آزادی کا یہ سفر شروع ہوا تھا۔ انہوں نے کہا کہ آج کے دن وسیع تر قومی مفاد کی خاطر ہمیں اپنی سیاسی ریشہ دوانیوں کو بھلا کر پھر سے متحد ہونا ہوگا۔ 76 برس گزر جانے کے بعد ہمیں تجدید عہد وفا کرتے ہوئے قرارداد پاکستان کے اغراض و مقاصد کی تکمیل اور قائدواقبال کے خواب کو عملی جامہ پہنانے کے لئے پھر سے ایک قوم بننا ہوگا۔ تقریب سے مرکزی ناظم اعلی ڈاکٹر حافظ عبدالکریم، مولانا نعیم بٹ، ڈاکٹر عبدالغفور راشد، حافظ بابر فاروق رحیمی، مولانا عبدالباسط شیخوپوری، حاجی نذیر انصاری، حاجی عبدالرزاق، حافظ عثمان شاکر و دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا۔

حکومت 27 مارچ سے قبل نام نہاد نسواں بل واپس لے

حکومت 27 مارچ کی ڈیڈ لائن ختم ہونے سے قبل نام نہاد نسواں بل واپس لے ورنہ پورے ملک میں حکومت کے خلاف احتجاجی تحریک شروع کردیں گے۔ غیر ملکی آقاؤں کی خوشی کے لیے حکومت اللہ کی قائم کردہ حدود کو توڑنے سے باز رہے۔ ان خیالات کا اظہار اہل حدیث یوتھ فورس پاکستان کے صدر حافظ ذاکر الرحمان صدیقی نے کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اسلام نے خواتین کو جو حقوق دیئے ہیں ان پر عمل درآمد کروایا جائے' حکومت غیر شرعی بل لاکر شریعت کا مذاق نہ اڑائے۔ میڈیا پر اسلامی تعلیمات سے نا آشنا اور بے بہرہ' حیاء باختہ خواتین وحضرات اسلامی قوانین اور حدود پر رائے زنی اور گھٹیا تبصروں سے باز رہیں' یہ چیزیں برداشت نہیں کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ قرارداد پاکستان کی منظوری کے دن 23 مارچ 1987ء کو اہل حدیث جماعت پر شب خون مارا گیا۔ جس میں ہمارے قائدین علامہ احسان الٰہی ظہیر، علامہ حبیب الرحمان یزدانی، محمد خان نجیب اور مولانا عبدالخالق قدوسی سمیت کئی دیگر افراد کو شہید کردیا گیا، جن کے قاتلوں کا انجام ابھی تک باقی ہے۔ ہمارے قائدین نے اپنی جانوں کا نذرانہ پاکستان میں نفاذ اسلام کی جدوجہد کرتے ہوئے دیا۔ آج ہم بھی اس عزم کا اعادہ کرتے ہیں کہ ملک میں کتاب وسنت کے عملی نفاذ تک چین سے نہیں بیٹھیں گے۔ حافظ ذاکر الرحمان صدیقی نے کہا کہ حکمران اور عدلیہ یاد رکھیں جو لوگ اقتدار ملنے کے بعد اللہ اور اس کے رسول کے احکامات کے مطابق فیصلے نہیں کرتے ان کے بارے میں اللہ رب العزت نے قرآن میں انتہائی شدید وعید فرمائی ہے۔ حکمران اللہ کے عذاب کو دعوت نہ دیں اور ملک میں اسلامی نظام نافذ کریں۔

ازدواجی زندگی!

تحریر
جناب مولانا عبدالمتین مدنی

نکاح' ایمان کی تکمیل اور جسم وجان کی راحت کا سامان ہے۔ اسی لیے اسلام نے بلوغت کی دہلیز پر قدم رکھنے والوں کو یہ حکم دیا کہ اب وہ شریک حیات لا کر حیات نو کا آغاز کریں اور اپنا گھر بسائیں۔ اس خوبصورت' پر بہار' دیدہ زیب اور دلفریب دنیا سے خوب خوب بہرہ ور ہوں۔

﴿وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً﴾

''اور اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ اس نے تمہاری ہی جنس سے تمہاری بیویاں پیدا کیں تا کہ تم ان سے آرام پاؤ اور اس نے تمہارے درمیان محبت و ہمدردی قائم کر دی۔'' (الروم:۲۱)

اللہ تعالیٰ نے سیدنا آدم علیہ السلام کو پیدا فرمانے کے بعد سیدہ حواء رضی اللہ عنہا کو پیدا فرما کر یہ پیغام دیا کہ دنیا کا کاروبار صرف مردوں سے نہیں چلے گا بلکہ عورتیں بھی ان کی سہیم وشریک ہوں گی۔ سیدہ حواء رضی اللہ عنہا کو سیدنا آدم علیہ السلام کی بائیں پسلی سے پیدا کر کے دونوں کے درمیان قربت بلکہ ایک کے لیے دوسرے کی محتاجگی کو بھی بتلا دیا کہ ایک کے بغیر دوسرا ادھورا ہے۔

وجود زن سے اس کائنات میں رنگ ونکہت ہی نہیں بلکہ زندگی کا لطف وسرور اسی سے وابستہ ہے۔ بیوی' محبت وہمدردی اور جانثاری کی پیکر ہوتی ہے۔ سب سے اچھی مشیر اور سب سے معتمد راز داں ہوتی ہے۔ شوہر سے سب سے زیادہ محبت کرنے والی اور اس پر جان نچھاور کرنے والی ہوتی ہے۔ غم کا مداوا کرتی ہے اور حوصلوں کو جلا دیتی ہے۔ مال کی امین' گھر کی ملکہ اور عصمت وعفت کی محافظ ہے۔ زندگی کی رعنائی وبانکپن اسی کے دم سے قائم ہے۔ دنیا کا حسن' لبوں پر مسکراہٹ' دلوں میں انگڑائی' حوصلے کو پرواز' زندگی کی چاہت اسی سے ملتی ہے۔ پھولوں کا تبسم اور چڑیوں کا چہچہانا اسی کے وجود سے اچھا لگتا ہے۔ وہ اس دنیا کی نعمتوں میں سب سے اچھی اور بیش قیمت نعمت ہے' لیکن اس کے لیے جو اس کی قدر کرے اور اس کی قدر یہ ہے کہ اس کا شوہر اس کے لیے سب سے اچھا انسان ثابت ہو۔ فرمان نبوی ہے:

[خَيْرُكُمْ خَيْرُكُمْ لِاَهْلِهٖ وَاَنَا خَيْرُكُمْ لِاَهْلِيْ]

''تم میں سب سے اچھا انسان وہ ہے جو اپنی بیوی کے لیے سب سے اچھا ہو اور میں تم سب میں اپنی بیویوں کے لیے سب سے اچھا ہوں۔'' (ترمذی)

اس حدیث میں بیوی کو اہل سے تعبیر کیا گیا ہے' یہ تعبیر بہت معنی خیز ہے۔ اس کے ذریعہ گھر کے اندر بیوی کی حیثیت واضح ہو جاتی ہے کہ اب وہ پرائی نہیں بلکہ اس گھر کی ایک فرد ہے۔ اس لیے اسے اس کا مقام اور اختیار دیا جائے' اس پر اعتماد کیا جائے' ضروری مشوروں میں شریک کیا جائے تا کہ اس گھر میں اسے اپنی اہمیت اور ذمہ داری کا احساس ہو اور اس کے دل میں شوہر کو اور شوہر کے دل میں اس کو ایسی جگہ ملے کہ دونوں دو قالب یک جان ہو جائیں۔

''تم میں سب سے اچھا انسان وہ ہے جو اپنی بیوی کے لیے سب سے اچھا ہو اور میں تم سب میں اپنی بیویوں کے لیے سب سے اچھا ہوں۔'' (ترمذی)

شوہر حضرات کو اس بات کا احساس ہونا چاہیے کہ ازدواجی زندگی کو خوشگوار رکھنے کی اولین ذمہ داری ان کے ہی سر ہے اور شاید نکاح کے موقع پر خطبہ نکاح کا شوہر کے سامنے پڑھا جانا اور آیت کریمہ

﴿وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ﴾

''اور اس اللہ سے ڈرو جس کے نام پر تم ایک دوسرے سے مانگتے ہو اور رشتے ناطے توڑنے سے بھی بچو۔'' (النسآء:۱)

کے ذریعہ ان کو مخاطب کرنے کی حکمت بھی یہی ہے۔

حدیث مذکور میں اللہ کے رسول ﷺ نے اس حقیقت کو بھی بیان فرمایا کہ وہ اس کائنات کے سب سے اچھے شوہر ہیں اور اس میں کچھ شک بھی نہیں۔ آپ ﷺ کی ازدواجی زندگی کی تفصیلات حدیث اور سیرت کی کتابوں میں موجود ہیں۔ رسالت کے اس عظیم الشان منصب کے حامل ہونے کے باوجود ایک شوہر کی حیثیت سے آپ ﷺ اپنی بیویوں کے حقوق کو کس حسن وخوبی کے ساتھ ادا فرماتے تھے۔ اس کے لیے ازواج مطہرات کی شہادتیں ملتی ہیں۔ آپ کا یہ معمول تھا کہ روزانہ عصر کی نماز ادا کرنے کے بعد باری باری ازواج مطہرات کے پاس جاتے تھے' ان کی خیریت دریافت کرتے اور ان سے دل جوئی کی باتیں کرتے۔ (مسلم)

آپ ﷺ ازواج مطہرات کے درمیان عدل وانصاف کے تقاضوں کو پورا فرماتے اور اگر کبھی کوئی ایسا مطالبہ سامنے آتا جو عدل وانصاف کے خلاف ہوتا تو محبت کے ساتھ معذرت پیش کر دیتے۔ سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا اپنے شوہر کی وفات کے بعد جب آپ کے عقد میں آئیں تو تین روز گزرنے کے بعد آپ ان سے رخصت ہونے لگے' وہ آپ کے کپڑے پکڑ کر رونے لگیں کہ ابھی آپ مجھے کچھ اور دن عطا فرما دیں۔ آپ نے ان سے کہا کہ میں اس لیے نہیں رخصت ہو رہا کہ تمہاری اہمیت میری نظر میں دوسری بیویوں سے کم ہے' بلکہ شرعی حکم یہی ہے۔ ورنہ اگر میں سات روز تمہارے پاس قیام کروں تو تمام ازواج کے پاس سات سات روز قیام کروں گا۔ (مسلم) اور ثیبہ (شادی شدہ) نئی نویلی ہونے کی وجہ سے جو تین روز میں نے تمہارے پاس قیام کیا ہے یہ ایام تمہارے لیے اضافی نہیں رہ جائیں گے۔

یہی سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا ہیں کہ صلح حدیبیہ کے موقع پر صلح کی شرائط سے جب بعض صحابہ ملول خاطر ہوئے اور اللہ کے رسول ﷺ نے انہیں جانور ذبح کرنے اور بال منڈوانے کا حکم دیا تو انہوں نے تعمیل حکم میں تاخیر کی۔ اللہ کے رسول ﷺ نے سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے اس کا ذکر کیا تو انہوں نے مشورہ دیا کہ اگر آپ یہ چاہتے ہیں تو کسی سے کچھ کہے بغیر اپنا جانور ذبح کیجیے اور اپنے حجام کو بلا کر سر منڈا لیجیے۔ (الرحیق المختوم:۴۶۷)

کتنے نازک موقع پر کتنا اہم یہ مشورہ تھا جو فہم

وفراست کی مالک شریک حیات کی طرف سے دیا گیا اور شوہر نے بلا تردد اسے قبول کیا اور پھر صورت حال نے اس کی درستگی کو ثابت کیا۔

اللہ کے رسول ﷺ کی زندگی کا ایک اہم پہلو یہ تھا کہ آپ ﷺ گھر کے اندر قیام کے دوران گھر کے چھوٹے موٹے کام کرتے رہتے' بعض کاموں میں گھر والوں کا بھی ہاتھ بٹاتے اور جب نماز کا وقت ہوتا تو مسجد میں تشریف لے جاتے۔ (بخاری)

یقیناً یہ عمل نہ صرف محبت میں اضافہ کا باعث ہوتا ہے بلکہ کاموں سے جلدی فراغت اور ان کی خوش اسلوبی کے ساتھ انجام دینے کا ذریعہ بھی ہے۔

عورتیں بھی اسی گوشت پوست سے بنی ہیں جس سے مرد بنا ہے لیکن جسمانی اعتبار سے وہ مردوں سے کمزور ہوتی ہیں۔ اس لیے گھر کے سارے کام ان کے ہی حوالہ کر دیئے جائیں اور شوہر گھر کے اندر مہمان بن کر زندگی گزارے اور بیوی مزدوروں کی طرح صبح سے رات تک اپنے آپ کو جوتتی رہے یہ کہاں کا انصاف ہے؟ وہ اپنے ماں باپ کے گھر سے اس لیے نہیں آئی کہ پیا کے گھر سب کی خدمت کرتے ہوئے اپنی زندگی گزار دے' اپنے سارے خواب اور ارمان کو سسرال کے آنگن میں دفن کر دے' گھر کے کاموں میں بیویوں کا ہاتھ بٹا دینا شوہر حضرات کے لیے ایک بہترین اور دل جیتنے والا ہنر ہے۔

آپ ﷺ کے تعلقات اپنی بیویوں کے ساتھ بہت ہی محبت آمیز تھے' یہاں تک کہ آپ ایک ساتھ ایک برتن میں غسل بھی فرما لیا کرتے۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ میں اور اللہ کے رسول ﷺ ایک ساتھ ایک برتن سے غسل جنابت کیا کرتے تھے۔ اس دوران ہمارے ہاتھ ایک دوسرے سے ٹکراتے تھے۔ (متفق علیہ) میاں بیوی اس عمل کے لطف کا اندازہ لگا سکتے ہیں۔

خانہ نبوت میں بیویوں کو اپنی نجی زندگی گزارنے کی بھی آزادی حاصل تھی' اقارب بلکہ سہیلیاں تک ملنے جلنے آیا جایا کرتی تھیں اور انہیں پورا موقع دیا جاتا تھا۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میری سہیلیاں مجھ سے ملنے آیا کرتیں اور اللہ کے رسول ﷺ کو دیکھ کر چھپ جاتی تھیں۔ آپ ﷺ انہیں میرے پاس بھیج دیتے۔ (مسلم) یعنی آپ خود ہٹ جاتے تا کہ وہ بے تکلفی کے ساتھ باتیں کریں۔

آپ ﷺ ان ازواج مطہرات کے تفریح نفس کا بھی پورا پورا خیال رکھتے۔ آپ ﷺ راتوں کو ان سے گفتگو کیا کرتے بلکہ بسا اوقات ان کے ساتھ چہل قدمی بھی کرتے۔ صحیح بخاری کی روایت ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ رات کو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ ٹہلتے ہوئے باتیں کیا کرتے تھے۔

ایک مرتبہ آپ حالت اعتکاف میں تھے۔ سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا آپ سے ملنے آئیں۔ واپس ہونے لگیں تو آپ ﷺ خود بھی ان کے ساتھ نکلے کہ انہیں گھر تک چھوڑ دیں۔ (بخاری)

آپ ﷺ گھر کے اندر بیویوں کے ساتھ بردبار بھی تھے۔ چھوٹی موٹی باتوں کو نظر انداز کر دیتے۔ سیدنا انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک موقع پر آپ ﷺ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس تھے اور امہات المؤمنین میں سے کسی نے کھانے کی کوئی چیز بطور تحفہ بھیجی۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو غصہ آیا' انہوں نے ہاتھ مارا' کھانا گر گیا اور برتن ٹوٹ گیا' آپ ﷺ نے کھانے کو سمیٹ کر ٹوٹے ہوئے برتن میں رکھ دیا اور کہا کہ کھالو اور دوسرا برتن واپس کر دیا۔ (بخاری)

کس قدر تحمل اور اعلیٰ ظرفی کا یہ مظاہرہ ہے' غصہ کا جواب غصہ سے دینا' بات بات پر گرفت نہ کرنا' بعض باتیں اگرچہ وہ نامناسب ہوں تب بھی انہیں انگیز کر لینا گھر کے نظام کو چلانے اور میاں بیوی کے تعلقات کو بحال رکھنے کے لیے ضروری ہیں' ورنہ اگر دور بین لگا کر غلطیاں تلاش کی جائیں اور رائی کو پہاڑ بنایا جائے تو اس سے گھر کا سکون غارت ہو جائے گا اور ازدواجی زندگی کا لطف بھی جاتا رہے گا۔

ایک موقع پر آپ ﷺ نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ دوڑ کا مقابلہ کیا۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا آگے نکل گئیں' کچھ عرصہ بعد پھر آپ ﷺ نے مقابلہ کیا۔ اب آپ ﷺ آگے نکل گئے' آپ ﷺ مسکرائے اور سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا: ''یہ اس ہار کا بدلہ ہے۔'' (ابوداود)

اللہ کے رسول ﷺ کی زندگی کا ایک اہم پہلو یہ تھا کہ آپ ﷺ گھر کے اندر قیام کے دوران گھر کے چھوٹے موٹے کام کرتے رہتے' بعض کاموں میں گھر والوں کا بھی ہاتھ بٹاتے

ایک مرتبہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا گھر سے نکلیں' دیکھا کہ رسول اللہ ﷺ چند حبشیوں کے ساتھ ہیں جو فن سپاہ گری کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا اس کھیل کو دیکھنے کے لیے آپ کی آڑ میں کھڑی ہو گئیں اور دیر تک دیکھتی رہیں۔ (بخاری)

ان دونوں واقعات سے اندازہ لگائیے کہ شوہر بیوی کا کس حد تک خیال رکھے اور اسے اپنے جائز شوق کو پورا کرنے کا پورا موقع دے تا کہ وہ شوہر کے گھر کو اپنے لیے قید خانہ نہ جانے اور نہ ہی شوہر کو ایسی مورت جو انسانی احساس وشعور سے عاری ہو۔

اللہ کے رسول ﷺ اپنی بیویوں سے مذاق کرتے تھے اور کبھی کبھی ان کی شوخیوں سے لطف اندوز بھی ہوتے۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ ایک مرتبہ سیدہ سودہ رضی اللہ عنہا مجھ سے ملنے کے لیے آئیں۔ اللہ کے رسول ﷺ ہمارے اور ان کے درمیان بیٹھ گئے' آپ کا ایک زانو مجھ پر اور دوسرا سودہ کے پیروں پر تھا' میں نے حریرہ بنایا اور سودہ سے کہا کہ نوش فرمایئے' انہوں نے کھانے سے انکار کیا' میں نے کہا کھائیں ورنہ میں آپ کے منہ میں پوت دوں گی۔ انہوں نے پھر بھی نہیں کھایا' میں نے تھوڑا سا لے کر ان کے منہ پر پوت دیا' اللہ کے رسول ﷺ نے سودہ کے پیر سے اپنا پیر ہٹا دیا کہ اب وہ بدلہ لے لیں' چنانچہ انہوں نے بھی تھوڑا سا میرے چہرہ پر پوت دیا اور اللہ کے رسول اس پر شوخی سے ہنس رہے تھے۔ (ابویعلی)

ان واقعات سے اللہ کے رسول ﷺ کی ازدواجی زندگی کا اندازہ لگائیں کہ آپ کا اپنی بیویوں کے ساتھ کیسا تعامل تھا' محبت تھی' پیار تھا' ہنسی مذاق تھا' نفس کی ترویح وتفریح تھی' صبر وتحمل تھا' عدل وانصاف تھا' حسب ضرورت گھر کے کاموں کو بلا تکلف انجام دے دینا اور ہاتھ بٹانے کا جذبہ تھا۔

آپ ﷺ ان ازواج مطہرات کی عبادت وریاضت سے بھی غافل نہ تھے۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ اللہ کے رسول ﷺ رات کو نماز پڑھتے تھے اور میں آپ کے سامنے لیٹی رہتی تھی۔ جب آپ ﷺ کو وتر کی نماز پڑھنا ہوتی تو مجھے جگا دیتے۔ (مسلم)

استدراک ردقادیانیت

قسط نمبر ۱۱

علمائے اہل حدیث کی خدمات

تحریر: جناب عبدالرشید عراقی

مولانا محمد حنیف یزدانیؒ

پہلے بریلوی مسلک سے تعلق رکھتے تھے بعد میں عامل بالحدیث ہو گئے۔ مولانا سید محمد داؤد غزنویؒ اور شیخ الحدیث مولانا محمد اسماعیل سلفیؒ سے مستفیض تھے۔ بہت اچھے واعظ اور مقرر تھے' علمائے اہل حدیث کی کئی کتابیں شائع کیں۔ ۱۵ اپریل ۱۹۸۹ء کو لاہور میں وفات پائی۔ تردید قادیانیت میں ایک کتاب لکھی۔

۱۲۶۔ مرزائے قادیانی اور علمائے اہل حدیث:

اس کتاب میں مصنف نے علمائے اہل حدیث کی قادیانی فتنہ کی تردید میں اُن کی خدمات کا تذکرہ کیا ہے۔ (صفحات ۱۰۰' سن اشاعت ۱۹۲۷ء)

مولانا حکیم محمد علی امرتسریؒ

آپ ایک جید عالم دین اور طبیب حاذق تھے۔ قادیانی فتنہ کے متعلق وسیع معلومات رکھتے تھے۔ ۱۳۴۵ھ میں امرتسر میں انتقال کیا۔ قادیانی فتنہ کی تردید میں ایک کتاب لکھی۔

۱۲۷۔ سوائے سودائے مرزا:

اس کتاب میں مصنف نے مرزائی لٹریچر سے ثابت کیا ہے کہ مرزا غلام قادیانی کو مراق کی بیماری تھی' مرض ہسٹریا کا دورہ پڑتا تھا۔ دوسرے تشنج قلب' کمی خواب' کثرت پیشاب' ذیابطیس' اسہال' سوء ہضم کا مرض تھا اور یہ تمام امراض سودائی (مراقی) ہونے پر دلالت کرتے ہیں اور مرزا قادیانی کا دعویٰ مسیحیت' مہدویت ونبوت اور دعویٰ خدائی یہ سب اس مرض کے کرشمے ہیں اور مصنف نے بھی کتب کے حوالہ سے ثابت کیا ہے کہ مرزا قادیانی کو مالیخولیا تھا۔ (صفحات ۳۲' سن اشاعت ۱۹۳۱ء)

مولانا عبیداللہ احرارؒ

علمائے فحول میں سے تھے' بڑے سماجی اور سیاسی کارکن تھے۔ مجلس احرار کے امیر رہے اور جامعہ سلفیہ فیصل آباد کے ناظم تعمیرات بھی رہے' ۱۹۷۵ء میں انتقال کیا۔ قادیانیت کی تردید میں آپ نے ایک بیان تحریری عدالت عالیہ میں قلمبند کیا۔

۱۲۸۔ بیان مجلس احرار اسلام بحضور جسٹس صمدانی:

۲۶ مئی ۱۹۷۴ء کو سانحہ ربوہ اسٹیشن کے سلسلہ میں حکومت نے مسٹر جسٹس صمدانی پر مشتمل ایک تحقیقاتی ٹریبونل قائم کیا۔ مجلس احرار کی طرف سے مولانا عبیداللہ احرار نے ایک تحریری بیان عدالت میں جمع کرایا۔ یہ بیان قادیانیت کا مذہبی وسیاسی تجزیہ کرنے کے لیے ایک اہم دستاویز ہے۔ (صفحات: ۱۱۰' سن اشاعت ۱۹۷۴ء)

مولانا محمد عبداللہ افضل پوریؒ

قادیانیت کی تردید میں آپ کی درج ذیل کتاب ہے:

۱۲۹۔ تنقیح امامت قادیانی:

اس کتاب میں قادیانیوں کی امامت پر تنقید کرتے ہوئے ان کی اقتداء میں نماز پڑھنے کی ممانعت کی گئی ہے۔ (صفحات ۲۸' طبع کان پور' سن اشاعت ندارد)

مولانا حکیم مظہر حسن قرشی میرٹھیؒ

مرزا قادیانی کی تردید میں درج ذیل کتاب لکھی:

۱۳۰۔ چودھویں صدی کا مسیح:

مرزا غلام قادیانی کے حالات بطور ناول قلمبند کیے ہیں۔ (صفحات: ۵۱۲' طبع اہلحدیث امرتسر' سن اشاعت ۱۳۲۲ھ)

مولانا عبداللطیف رحمانیؒ

دارالحدیث رحمانیہ دہلی کے فارغ التحصیل' نامور عالم دین اور کئی کتابوں کے مصنف تھے۔ قادیانیت کی تردید میں آپ نے دو کتابیں لکھیں۔

۱۳۱۔ تذکرہ سیدنا یونسؑ:

اس کتاب میں مرزا قادیانی کی طرف سے سیدنا یونس علیہ السلام پر لگائے گئے الزامات کو غلط ثابت کیا گیا ہے۔ (صفحات ۴۴' طبع دہلی' سن اشاعت ندارد)

۱۳۳۔ اغلاط ماجدیہ:

یہ رسالہ ایک مرزائی مصنف عبدالماجد قادیانی کے رسالہ ''القاء'' کا جواب ہے۔ قادیانی مصنف نے اپنے رسالہ کے ایک صفحہ پر ۳۲ غلطیاں کی تھیں' مولانا رحمانی نے قادیانی مصنف کی بتیسی توڑ دی ہے۔ (صفحات ۴۰' سن اشاعت ۱۹۱۶ء)

مولانا عبدالرحیم عظیم آبادیؒ

صادق پوری خاندان کے عظیم فرد تھے اور ان کا شمار علمائے فحول میں ہوتا ہے۔ تحریک مجاہدین میں ان کی خدمات قدر کے قابل ہیں۔ ۱۳۴۱ھ میں وفات پائی۔ قادیانیت کی تردید میں درج ذیل کتاب لکھی:

۱۳۳۔ ابطال امامت قادیانی:

اس کتاب میں دو امور کی جانب توجہ دلائی گئی ہے:

① امامت کے لیے اسلام شرط ہے یا نہیں؟

② مذہب قادیانی اسلام میں داخل ہے یا خارج؟

مصنف نے قرآن وحدیث کی روشنی میں ثابت کیا ہے کہ امامت کے لیے اسلام شرط ہے اور قادیانی دائرہ اسلام سے خارج ہیں۔ (صفحات ۲۸' طبع کان پور' سن اشاعت ۱۳۳۰ھ)

مولانا حافظ گوہر الدینؒ

مولانا گوہر الدین مرحوم ''واعظ اہل حدیث کانفرنس'' سے معروف تھے۔ قادیانی فتنہ کی تردید میں درج ذیل کتاب لکھی:

۱۳۴۔ جھوک حبیب والی (پنجابی نظم)

مولوی غلام رسول آف راجیکی قادیانی نے پنجابی نظم میں مرزائیت کی تائید میں ''جھوک مہدی والی'' نظم شائع کی تھی۔ اس نظم کے جواب میں حافظ گوہر الدین نے ''جھوک حبیب والی'' لکھی اور شائع کی۔ (اہل حدیث امرتسر ۲۶ مئی ۱۹۳۳ء)

مولانا سید عبداللہ عظیم آبادیؒ

